افریقہ

مراکش: اینگلیکن چرچ کی سرگرمیاں

ہسپانیہ کیتھولک مسیحیت کا ایک اہم مرکز ہے جہاں سے ترویج واشاعت عیسائیت کے لیے دُنیا کے دوسرے ملکوں اور بالخصوص افریقہ میں کام کیا جاتا رہا ہے۔ کیتھولک مسیحیوں کے بعد اینگلیکن چرچ نے مراکش کے رہنے والے مسلمانوں کو اپنی توجّہ کا مرکز بنا دیا ہے۔ مراکش میں عام لوگوں کے درمیان بائبل کی منادی کی جارہی ہے اور ملیلا میں بھی جو ہسپانیہ کے زیر انتظام Enclave ہے۔ مراکش سے باہر یورپ اور بالخصوص ہسپانیہ میں آباد مراکشی آبادی منادوں کا ہدف ہے جس کا بڑا حصہ غیر مہارت یافتہ مزدوروں پر مشتمل ہے۔ اِس توجہ سے، بلاشبہ، مراکش کی آبادی میں انتشار پیدا ہورہا ہے۔ مراکشی بچے جو بڑے ہسپانوی شہروں میں رہ رہے ہیں، اُنہیں اینگلیکن چرچ سے وابستہ کرنے کی کوشش جاری ہے۔ اُن مسلمان خاندانوں کے لیے سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں جن میں مائیں ہسپانوی ہیں اور اِس طرح بعض لوگ عیسائیت کے لیے نرم ہدف ہیں۔

پروٹسٹنٹ اداروں نے مراکش میں مسجدوں کی طرح گرجاگھر بنانے کا پروگرام بنایا ہے، جہاں زمین پر بیٹھے بچّے اُسی طرح بائبل پڑھیں گے جیسے مسلمان بچّے "تجوید اور ترتیل" کے ساتھ قرآن تلاوت کرتے ہیں۔ یہ امر قابلِ غور ہے کہ ہسپانیہ کے مسیحی دینیاتی اداروں میں ایسے مشنری تیار کیے جا رہے ہیں۔ جو مراکش کی عوامی زبان اور فصیح عربی کے ساتھ اسلام، اسلامی تاریخ اور مسلم سماج کا مطالعہ کیے ہوئے ہیں۔ (سہ ماہی العروۃ الوثقیٰ، جنیوا- شمارہ ۴۴- سرما ۱۹۹۲ء)

ایشیا

بنگلہ دیش: کاریتاس کی سالانہ رپورٹ

کاریتاس رومن کیتھولک خیراتی ادارہ ہے۔ بنگلہ دیش میں اِس کا انتظام کیتھولک بشپوں کی کانفرنس کے ہاتھ میں ہے کاریتاس کے تین واضح "کردار" یہ ہیں۔

الف: یہ مقامی اور قومی سطح پر کام کرنے والی تنظیم ہے جس کے تحت ۴۴ چھوٹے منصوبے جاری ہیں۔

ب: غیر ملکی ذرائع سے حاصل ہونے والے عطیات کی متولّی ہے اور ملکی و مقامی سطح پر

منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کی ذمہ دار ہے۔

ج: یہ تنظیم کاریتاس انٹرنیشنل کی ایک سو بیس سے زائد غیر ملکی شاخوں کے ساتھ ایک شاخ کے طور پر کام کرتی ہے۔

کردار کی ان متنوع شکلوں کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ لوگوں کے سامنے انجیل کی شہادت دی جائے۔ ذیل میں اس کے سالانہ مصارف کی تفصیل دی جا رہی ہے جو ۹۱ - ۱۹۹۰ء کے مالی سال سے متعلق ہیں۔

مالی سال ۹۱ - ۱۹۹۰ء کے دوران میں مختلف مدّات کے تحت اخراجات کا موازنہ

مدّات	منصوبوں کی تعداد	رقم (بنگلہ دیشی ٹکا)*	فیصد تناسب
صوابدیدی فنڈ	۱	۴،۲۲،۱۹۲	۰٫۱۶
ناگہانی مصائب	۴	۶،۹۴،۳۸،۳۷۲	۲۶٫۱۹
یتیم خانے	۱	۵۶،۷۸،۴۱۹	۳٫۱۴
خواندگی اور حساب کتاب	۳	۱،۲۵،۹۰،۵۸۲	۴٫۷۵
صحت اور خاندانی منصوبہ بندی	۹	۳،۳۷،۷۰،۵۴۵	۱۲٫۷۴
پینے کا پانی اور صفائی	۳	۹۴،۳۰،۴۷۱	۳٫۵۶
زراعت اور آبپاشی	۴	۲،۴۰،۸۸،۲۱۱	۹٫۰۸
ماہی پروری کی ترقی	۴	۱،۴۸،۵۸،۲۵۹	۵٫۶۰
پیشہ ورانہ اور ہنرمندانہ تربیت	۲	۶۲،۴۵،۹۳۰	۲٫۳۶
امداد باہمی اور دیہی ترقی	۱۱	۸،۸۶،۲۰،۷۵۱	۳۳٫۴۲

اخراجات کا موازنہ (منصوبہ، سرمایہ اور انتظامیہ برائے مالی سال ۹۱- ۱۹۹۰ء)

	رقم (بنگلہ دیشی ٹکا)	فیصد تناسب
منصوبے	۲۶،۵۱،۴۳،۷۳۲	۹۱٫۹۴
انتظامیہ	۱،۴۶،۹۶،۱۰۸	۵٫۱۰
سرمایہ	۸۵،۳۵،۴۷۳	۲٫۹۶

[*۶۷ بنگلہ دیشی ٹکے ایک پونڈ سٹرلنگ کے برابر ہیں۔]